پریس ریلیز- 17 February 2021

بینک آف پنجاب (BOP) کے پاکستان کارپوریٹ ریسٹرکچرنگ کمپنی لمیٹڈ (PCRCL) کے ساتھ MoU پر دستخط

بینکنگ انڈسٹری کے نان پرفارمنگ ایسٹس پچھلے کئی سالوں سے مستقل طور پر ایک بڑھتا ہوا رجحان ہیں یہ امر بڑی تشویش کا باعث ہے اور معاشی ترقی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ بھی ہے۔ توقع کی جارہی ہے کہ ان NPAs میں موجودہ خراب معاشی حالات، سیاسی طور پر غیر یقینی صورتحال اور COVID-19 کے اثرات کی وجہ سے مزید اضافہ ہوگا۔

لہذا، ملک کی حالیہ معاشی صورتحال کو دیکھتے ہوئے، اس بات کی ضرورت ہے کہ ان NPAs کو فعال بنانے کیلئے تیزی سے غیر معمولی اقدامات کئے جائیں اور متاثرہ کمپنیز کو معاشی اور عملی طور پر فعال کیا جائے۔

دی بینک آف پنجاب نے CRC ایکٹ کے تحت قائم ہونے والی پاکستان کارپوریٹ ریسٹرکچرنگ کمپنی لمیٹڈ (PCRCL) کی غیر روایتی ریمیڈیل مینیجمنٹ کی مہارت استعمال کرتے ہوئے اس موقع سے فائدہ اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔

اس تناظر میں، بینک نے اپنے نان۔ پرفارمنگ ایسٹس کا مکمل حساب لگا کر، تباہ ہوتی صنعت کی بحالی میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے اور اپنے لمبے عرصے سے پھنسے ہوئے نان پرفارمنگ ایسٹس (NPAs) کو متحرک کرنے کیلئے PCRCL کے ساتھ میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ پر دستخط کئے ہیں۔

اس MoU پر لاہور میں بی او پی کے ہیڈ آفس میں جناب ارسلان، ایم اقبال (چیف رسک آفیسر۔ بی او پی) اور جناب عمران بٹ (چیف فنانشنل آفیسر۔ پی سی آر سی ایل) نے دستخط کئے۔ دستخط کی اس تقریب میں جناب ظفر مسعود (صدر۔ بی او پی) اور جناب لا کا سرور (سی ای او) نے شرکت کی۔

یہ MoU بینک کو انڈسٹری میں PCRCL کی سروسز سے فائدہ اٹھانے والا پہلا بینک بنادے گا۔ PCRCL کے ساتھ یہ شراکت بینک کے لئے مسرت کا باعث ہے کیونکہ بی او پی کو یقین ہے کہ یہ درست سمت میں اٹھایا جانے والا قدم ہے جس سے نہ صرف وہ اپنے